رہبر معظم نے ایک حکم میں حجۃ الاسلام سید علی اصغر دستغیب کو حضرت احمد بن موسی (ع) کے حرم کا متولی مقرر کیا - 5 /Mar/ 2014

رہبرمعظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے ایک حکم میں حجۃ الاسلام والمسلمین حاج آقائ سید علی اصغر دستغیب کو حضرت احمد بن موسی (ع) علیہماالسلام معروف شاہچراغ کے حرم مقدس کا نیا متولی مقرر کیا ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے حکم کا متن حسب ذیل ہے:

بسمہ تعالی

جناب حجۃ الاسلام والمسلمین آقائ حاج سید علی اصغر دستغیب دامت افاضاتہ

جناب حجۃ الاسلام آقائ حاج سید مہدی دستغیب دامت افاضاتہ حضرت احمد بن موسی معروف شاہچراغ کےحرم مطہرمیں کافی عرصہ سے متولی کے عہدے پر فائزرہے اور انھوں نے اس عرصہ میں گرانقدر خدمات انجام دیں ان کی خدمات اور زحمات کا شکریہ ادا کرتے ہوئے جنابعالی کو ملک میں اہلبیت علیھم السلام کے تیسرے اہم حرم مطہر ، عظیم بارگاہ اور اس سے متعلق تمام امور کا متولی مقرر کرتا ہوں -

یہ روحانی اور معنوی حرم، شیراز اور اس خطے کے تمام مؤمنین اور ملک بھر کے تمام دوستداران اور محبان اہلبیت علیھم السلام کے لئےہمیشہ آرام و سکون، درخشندگی ، معنوی پاکیزگی اور لطف و صفا کا باعث رہا ہے اورحرم مطہر زیادہ سے زیادہ اہتمام کا سزاوار ہے۔

اللہ تعالی کی بارگاہ سے جنابعالی اور حرم مقدس کے دوسرے خدمتگزاروں کے لئے توفیقات طلب کرتا ہوں۔

سید علی خامنہ ای

14/اسفند/ 1392